**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 15.08.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بھارت کے خلاف پاکستان کی فتح سے تمام مسلم اقوام کا سر فخر سے بلند ہوا، گورنر مندوخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بلوچستان میں دہشت گردی کا خاتمہ قریب تر امن کا سورج جلد طلوع ہوگا، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بلوچستان بھر میں یوم آزادی کی تقریبات متحد ہوکر ملکی چیلنجوں سے نمٹنے کا عزم مساجد میں ملکی سلامتی وخوشحالی کی دعائیں، وزیراعلیٰ صوبائی وزراء اور عمائدین شریک تھے۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | آزادی ایک روحانی اور تہذیبی معاہدہ انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہماری آئینی و اخلاقی ذمہ داری، چیف جسٹس بلوچستان۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | 14 اگست ہمیں ملکی سلمیت اور امن کے لیے قربانیاں دینے والوں کی یاد دلاتا ہے، ڈی جی لیویز۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | وفاقی ٹیکس محتسب سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوم ازادی کی پروقار تقریب۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | 17 عناصر پر مشتمل نایاب معدنیات رئیر اتھ منرلز کیا ہیں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | وزیراعلیٰ کی جانب سے قیدیوں کی سزاؤں میں دوماہ کی تخفیف کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ایف سی بلوچستان کی جانب سے تعلیمی میدان میں خدمات کا سلسلہ جاری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | چہلم کا جلوس آج برآمد ہوگا کوئٹہ میں موبائل فون سروس بند رہے گی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | پنجگور بیشتر ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اسٹیشن پر موجود نہیں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | انسداد دہشت گردی ترمیمی بل آئین کی پامالی ہے، پشتونخواہ میپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | قیام امن انٹرنیٹ بند کرنے سے نہیں سیاسی بصیرت سے ممکن ہے، نیشنل پارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | آزادی کی نعمتیں عوام کو تاحال میسر نہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | زرعی یونیورسٹی کی کلاسز شروع نہ کرنا تعلیم دشمنی ہے، رحیم زیارتوال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

بلوچستان فائرنگ دستی بم حملے لیویز اہلکار سمیت تین افراد جاں بحق ایک زخمی، کوئٹہ ایگل سکواڈ کے اہلکاروں پر دستی بم حملہ ایک نوجوان جاں بحق کزن زخمی ، زیارت میں فائرنگ تین وکلا زخمی، قلات نامعلوم افراد کی فائرنگ سے لیویز اہلکار شہید اغوا ہونے والے شخص کی لاش برآمد۔

## عوامی مسائل:

نوشکی کلی مینگل میں انٹرنیٹ سسٹم کئی دنوں سے مسلسل خراب، کوئٹہ نصیر آباد روڈ پر تین ماہ سے پانی کی شدید قلت۔

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 15.08.2025

**اداریہ:**

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے " **ہوائی جہازوں کے کرایوں میں ہوشربا اضافہ !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں سیکیورٹی صورت حال اور زمینی سفر محدود ہونے کی وجہ سے فضائی سفر پر انحصار بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے کرایوں میں ریکارڈ اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ عام شہری مریض اور تاجر طبقہ مہنگے فضائی ٹکٹوں سے پریشان ہے۔ اس سلسلے میں شہریوں کا موقف ہے کہ کوئٹہ سے اسلام آباد کا ٹکٹ جو عام دنوں میں 18 سے 20 ہزار روپے میں مل جاتا تھا اب وہ 50 ہزار روپے سے کم میں نہیں مل رہا جو کہ بلاشبہ عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔ ہوائی سفر کے کرایوں میں ہوشربا اضافہ کی جو وجوہات سامنے آئی ہیں وہ پروازوں کی کمی ہے ان میں یہاں سے فلائی جناح کی اسلام آباد اور کراچی روزانہ پروازیں ہیں۔ پی آئی اے کی ہفتے میں 3 سے 4 پروازیں جبکہ سیرین ایئر ہفتہ وار ایک پرواز چلاتی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کو جہاں دیگر بڑے مسائل کا سامنا ہے وہاں رہی سہی کسر ہوائی سفر کے کرایوں میں ہوشربا اجافہ کر کے ایک اور بڑا مسئلہ کھڑا کر دیا گیا۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں یہ ہوتا آرہا ہے کہ ہر جگہ مجبور سے اس کی مجبوری کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے یہی حال ایئر لائنز کا ہے جو عوام کی مجبوری کو کیش کر کے خوب پیسہ بنا رہی ہیں لیکن ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے کہ وہ کسی بات کے زیادہ پیسے لے رہے ہیں اور مجبور عوام کی مجبوری سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

**اداریے :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**یوم آزادی معرکہ کی تاریخی کامیابی اور قومی یکجہتی کا مظہر** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**وزیر اعلیٰ بلوچستان کا نوجوانوں کی ترقی کا عزم حوصلہ افزاء اقدام**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**دہشت گرد بلوچ نہیں ان کا انجام کیفر کردار ہوگا** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**مجید بریگیڈ وبی ایل اے عالمی ،دہشت گرد قرار دینے کا خیر مقدم** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Gwadars water thrust " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضمون :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "78**وان یوم آزادی اور معرکہ حق میں تاریخی فتح** " کے عنوان سے نسیم الحق زاہدی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

ulIet No. 1 Dated: 15 AUG 2025 Page No. 1

# بھارت کیخلاف پاکستان کی فتح سے تمام مسلم اقوام کا سر فخر سے بلند ہوا

گورنر مندوخیل

ماضی میں بعض افراد نے اختیارات سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ذاتی مفادات کو قومی مفادات پر ترجیح دی جس سے ترقی کے عمل کو نقصان پہنچا، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی میں مدبرانہ قیادت کا کلیدی کردار ہے، مستعد اور مدبرانہ قیادت ہی ملک کو معاشی بحرانوں سے نکال کر حقیقی تعمیر وترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے، وقت کا تقاضا ہے کہ حب الوطنی اور جشن آزادی پاکستان کا اظہار قومی جوش وجذبہ سے کریں کیونکہ جشن آزادی کو عملی طور پر منانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر ذی شعور شخص کی قومی ذمہ داری ہے اپنے ملک پاکستان کی بنیاد کو مزید مضبوط کرنے کے اپنے عزم کی تجدید کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیوٹمز یونیورسٹی میں جشن آزادی کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ اور پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس کاسی سمیت ڈین فیکلٹیز، اساتذہ کرام، سیاسی رہنماؤں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد بھی شریک تھی، گورنر نے کہا کہ بھارت کے حالیہ جنگ میں پاکستان کی جیت نے ایک نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے اپنے کئی گنا بڑے دشمن کو تاریخی شکست سے دوچار کر دیا، پاکستان کی فتح سے تمام مسلم اقوام کا سر فخر سے بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہے اور پاکستان مسلم ممالک کے ماتھے کا جھومر ہے۔ گورنر مندوخیل نے بیوٹمز یونیورسٹی کی جانب دس ہزار سے زائد نئے درخت لگانا اور لوگوں میں پانی کے حوالے سے حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کو ماحول دوست اقدامات قرار دیا۔ نئے درخت لگانے اور پانی کو محفوظ کرنے کے احساس کو اجاگر کرنے سے اہم مثبت تبدیلی آئیگی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ پاکستان کے شاندار مستقبل کے روشن امکانات ہیں، قدرت نے پاکستان کو وافر وسائل اور معدنیات سے نوازا گیا ہے۔



کوئٹہ: گورنر جعفر خان مندوخیل بیوٹمز میں یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

# ہر ذی شعور پاکستان کی بنیاد کو مضبوط کرنے کے اپنے عزم کی تجدید کرے

جعفر خان مندوخیل

مستعد اور مدبرانہ قیادت ہی ملک کو معاشی بحرانوں سے نکال کر حقیقی تعمیر وترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے، گورنر

زندہ قومیں اپنے وطن کا جشن آزادی شایان شان طریقے سے مناتی ہیں، بیوٹمز میں تقریب سے خطاب



گورنر جعفر خان مندوخیل جشن آزادی کی مناسبت سے بیوٹمز یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں



گورنر جعفر خان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی کی جانب سے دس ہزار نئے درخت لگانے کی آگہی مہم کے آغاز پر دستخط کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی میں مدبرانہ کا کلیدی کردار ہے۔ مستعد اور مدبرانہ قیادت ہی ملک کو معاشی بحرانوں سے نکال کر حقیقی تعمیر وترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ حب الوطنی اور جشن آزادی پاکستان کا اظہار قومی جوش وجذبہ......

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سے کریں کیونکہ جشن آزادی کو عملی طور پر منانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر ذی شعور شخص کی قومی ذمہ داری ہے اپنے ملک پاکستان کی بنیاد کو مزید مضبوط کرنے کے اپنے عزم کی تجدید کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیوٹمز یونیورسٹی میں جشن آزادی کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ اور پرو۔وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس کاسی سمیت ڈین فیکلٹیز، اساتذہ کرام، سیاسی رہنماں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد بھی شریک تھی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بھارت کے حالیہ جنگ میں پاکستان کی جیت نے ایک نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے اپنے کئی گنا بڑھے دشمن کو تاریخی شکست سے دوچار کر دیا. پاکستان کی فتح سے تمام مسلم اقوام کا سر فخر سے بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہے اور پاکستان مسلم ممالک کے ماتھے کا جھومر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | جمعۃ المبارک 20 صفر المظفر 1447ھ 15 اگست 2025ء | نمبر 222

# بلوچستان میں دہشتگردی کا خاتمہ قریب، امن کا سورج جلد طلوع ہوگا

سرفراز بگٹی

بلوچستان کی بلوچ، پشتون، ہزارہ یا دیگر اقوام، اپنی روایات اور اقدار کی امین، مٹھی بھر دہشتگرد ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں

معرکہ حق میں اعلیٰ سول و عسکری اعزازات پانے والی شخصیات کو دلی مبارکباد پیش، انکی شاندار خدمات آنیوالی نسل کیلئے مشعل راہ ہیں، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آزادی کا دن ہمارے اسلاف کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور اس سال یہ دن اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت کا............ (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

حامل ہے کہ ہم نے ایک ایسے دشمن کو شکست دی جو نہ صرف طاقت میں سات گنا بڑا تھا بلکہ تکبر اور غرور میں ڈوبا ہوا تھا ہماری بہادر افواج نے جس جواں مردی اور عزم کے ساتھ اس دشمن کے دانت کھٹے کیے وہ پوری قوم کے لیے فخر کا باعث ہے اہلیان بلوچستان کی جانب سے افواج پاکستان، بالخصوص فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر، صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے قیادت، بصیرت اور اتحاد کا شاندار مظاہرہ کیا 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنگ میں حاصل ہونے والی فتح مبین پوری پاکستانی قوم کے اتحاد کی علامت ہے ماضی گواہ ہے ملک پر جب جب بھی مشکل وقت آیا بلوچستان کے لوگ ڈٹ کر کھڑے رہے اور ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے اور آئندہ بھی ہر وقت وطن عزیز کے ساتھ کھڑے رہیں گے انہوں نے کہا کہ گوادر سے ژوب اور پورے بلوچستان کے عوام نے جشن آزادی کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا اور یہ اس زندہ قوم کی پہچان ہے جو اپنے قومی تہوار کو ولولے کے ساتھ مناتی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی بلوچ، پشتون، ہزارہ یا دیگر اقوام، اپنی روایات اور اقدار کی امین ہیں لیکن ایک مٹھی بھر دہشت گرد گروہ نہ صرف ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ بلوچ روایات کی بھی پامالی کر رہا ہے۔ معصوم عورتوں، بچوں اور مسافروں کو نشانہ بنانا ہمارے معاشرتی اور قبائلی اصولوں کے سراسر خلاف ہے وزیر اعلیٰ نے اس طرز عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر کو بلوچستان کے عوام نے پہلے بھی مسترد کیا اور آئندہ بھی ان کے خلاف متحد رہیں گے انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد معصوم شہریوں، مزدوروں کو قتل کرتے ہیں ایک عورت کے سامنے اس کے شوہر اور جوان بیٹے کو چھلنی کیا جاتا ہے اور پھر تاثر دیا جاتا ہے کہ خواتین اور بچوں کو چھوڑ دیا گیا یہ کیسا چھوڑنا ہوا اور خاتون کی کیسی تکریم ہوئی جس میں اس کے سامنے اس کے سہاگ اور جوان بیٹے کو بے دردی سے قتل کر دیا جاتا ہے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معرکہ حق جشن آزادی کے موقع پر ایوان صدر اسلام آباد میں اعلیٰ سول و عسکری اعزازات پانے والی ممتاز شخصیات کو دلی مبارکباد پیش کی ہے............ (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

اپنے تہنیتی بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اعزازات ان شخصیات کی شاندار خدمات، بے لوث محنت اور ملک و قوم کے لیے غیر معمولی کردار کا اعتراف ہیں جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر (ہلال جرأت)، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو (ہلال جرأت)، جنرل ساحر شمشاد چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی (نشانِ امتیاز)، ایڈمرل نوید اشرف چیف آف نیول اسٹاف (نشانِ امتیاز)، محسن نقوی وفاقی وزیر داخلہ (نشانِ امتیاز)، اسحاق ڈار نائب وزیر اعظم (نشانِ امتیاز)، اعظم نذیر تارڑ وفاقی وزیر قانون (نشانِ امتیاز)، عطا اللہ تارڑ وفاقی وزیر اطلاعات (نشانِ امتیاز)، خواجہ آصف وفاقی وزیر دفاع (نشانِ امتیاز)، بلاول بھٹو زرداری چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی (نشانِ امتیاز) اور احسن اقبال وفاقی وزیر منصوبہ بندی (نشانِ امتیاز) وہ شخصیات ہیں جنہیں آج ملک کے اعلیٰ ترین اعزازات سے نوازا گیا ہے جو باعث مسرت ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اعزازات نہ صرف ان ممتاز رہنماؤں اور افسران کی انفرادی کامیابیوں کا اعتراف ہیں بلکہ پاکستان کے دفاع، جمہوری اقدار کے فروغ، قومی یکجہتی اور عوامی خدمت کے تسلسل کی علامت بھی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ سب شخصیات مستقبل میں بھی اپنی صلاحیتوں اور قیادت سے پاکستان کے روشن، مستحکم اور خوشحال مستقبل کی تعمیر میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہیں گی۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی کے سبزہ زار پر پرچم کشائی کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی میں پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 23 شمارہ 241 | جمعۃ المبارک، 20 صفر المظفر، 15 اگست 2025ء صفحات 8 قیمت 40 روپے

# دہشتگردی کے ناسور پر قابو پاکر بلوچستان جلد ماضی کے مثالی امن کی طرف لوٹے گا، سرفراز بگٹی

## اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کا غرور خاک میں ملانے کی وجہ سے اس دفعہ جشن آزادی کی اہمیت بڑھ گئی، ہمیں اپنی افواج پر فخر ہے

## بلوچستان میں دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پارلیمنٹ کو آگے بڑھ کر کردار ادا کرنا ہوگا، مٹھی بھر دہشتگرد روایت کو پامال کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پارلیمنٹ کو لیڈ لینی ہے، عوام، سیکورٹی فورسز مل کر دہشت گردی کے ناسور پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہوجائیں گے اور بلوچستان ماضی کے مثالی امن کی طرف لوٹے گا۔ اس سال جشن آزادی اس لئے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ ہمارے اوپر ایک ایسا دشمن جو ہم سے سات (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

گنا بڑا اور تکبر وغرور میں ڈوبا ہوا تھا حملہ آور ہوا لیکن ہماری بہادر سپاہ نے جس انداز سے اس کے دانت کھٹے کیے اس پر اہلیانِ بلوچستان کی جانب سے افواجِ پاکستان، بالخصوص فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر، صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں، یہ بات انہوں نے جمعرات کو 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، کہی تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹرز، علمائے کرام سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی، اس موقع پر وزیراعلیٰ نے تقریب میں ملی نغمہ پیش کرنے والے بچوں کیلئے پانچ لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے پوری قوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آج کا دن اس لیے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ اس سال ہماری اس آزادی جس کیلئے ہمارے بزرگوں نے عظیم قربانیاں دیں۔ عوام سیکورٹی فورسز مل کر دہشت گردی کے ناسور پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہوجائیں گے اور بلوچستان ماضی کے مثالی امن کی طرف لوٹے گا۔

# ملک وقوم کی خدمت کرنیوالے نئی نسل کیلئے مشعل راہ، سرفراز بگٹی

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی اعلیٰ سول وعسکری اعزازات پانے والی شخصیات کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معرکہ حق جشن آزادی کے موقع پر ایوان صدر اسلام آباد میں اعلیٰ سول وعسکری اعزازات پانے والی ممتاز شخصیات کو (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے تہنیتی بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اعزازات ان شخصیات کی شاندار خدمات، بے لوث محنت اور ملک وقوم کے لیے غیر معمولی کردار کا اعتراف ہیں جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر (ہلالِ جرات)، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو (ہلالِ جرات)، جنرل ساحر شمشاد چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی (نشانِ امتیاز)، ایڈمرل نوید اشرف چیف آف نیول اسٹاف (نشانِ امتیاز)، محسن نقوی وفاقی وزیر داخلہ (نشانِ امتیاز)، اسحاق ڈار نائب وزیر اعظم (نشانِ امتیاز)، اعظم نذیر تارڑ وفاقی وزیر قانون (نشانِ امتیاز)، عطاللہ تارڑ وفاقی وزیر اطلاعات (نشانِ امتیاز)، خواجہ آصف وفاقی وزیر دفاع (نشانِ امتیاز)، بلاول بھٹو زرداری چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی (نشانِ امتیاز) اور احسن اقبال وفاقی وزیر منصوبہ بندی (نشانِ امتیاز) وہ شخصیات ہیں جنہیں آج ملک کے اعلیٰ ترین اعزازات سے نوازا گیا ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی جشن آزادی کے موقع پر بلوچستان اسمبلی میں پرچم کشائی کے بعد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی جشن آزادی کے موقع پر صوبائی اسمبلی میں پرچم کشائی کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBL
RELATIONS BALOCHS

نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلوچ

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز جمعرات 14 اگست 2025ء بمطابق 19 صفرالمظفر 1447ھ | شمارہ نمبر 221

# بلوچستان میں امن کا سورج طلوع ہو رہا ہے، میر سرفراز بگٹی

## دشمن بلوچستان میں نفرت اور انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے، مگر تمام کوششیں ناکام ہونگی، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستانی بقیہ نمبر16 صفحہ 7 پر

قوم دشمن کے ہر وار کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے سیکورٹی فورسز کی بے مثال قربانیوں کی بدولت بلوچستان میں امن کا سورج طلوع ہو رہا ہے بلوچ نوجوانوں کو بھڑکا کر پہاڑوں پر بھیجنے والوں کے اپنے بچے ترقیاتی ممالک میں پڑھ رہے ہیں جبکہ عام بلوچ کو لاحاصل جنگ میں دھکیل دیا گیا ہے یہ عناصر بلوچ بچیوں کو خودکش جیکٹ پہنا رہے ہیں جبکہ ہم انہیں ہارورڈ اور آکسفورڈ بھیج رہے ہیں بلوچ عوام کو خود فیصلہ کرنا ہے کہ کون ان کی خدمت کر رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ میں معرکہ حق جشن آزادی کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم پرعزم ہیں کہ ہم بلوچ کو لاحاصل جنگ سے نکال کر امن و ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے انہوں نے کہا کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے اور اس کی حفاظت ہم سب پر فرض ہے وزیراعلیٰ نے پاک فوج، رینجرز، ایئرفورس، نیوی، پولیس اور لیویز فورس سمیت تمام سیکیورٹی اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیوں سے آج پاکستان میں امن قائم ہے سیکورٹی فورسز میں موجود ملک کے کے دور دراز علاقوں کے بہادر جوان بلوچستان میں قیام امن کے لئے کوشاں ہیں اور ان کے مقدس خون کی بدولت بلوچستان کا امن دوبارہ لوٹ رہا ہے انہوں نے کہا کہ دشمن بلوچستان میں نفرت اور انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے مگر یہ تمام کوششیں ناکام ہوں گی میر سرفراز بگٹی نے دہشت گردوں کو واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ جو عناصر بلوچیت کے نام پر معصوم شہریوں، اساتذہ، مزدوروں اور لیڈروں کو شہید کر رہے ہیں وہ بلوچ نہیں بلکہ محض دہشت گرد ہیں بلوچ اپنی روایات کے امین ہوتے ہیں جو ناحق قتل و غارت نہیں کرتے اپنے ہمسایوں کا خیال رکھتے ہیں مہمانوں کے تحفظ کے لئے اپنی جانیں تک گنوا دیتے ہیں جو عناصر بلوچیت کے نام پر خون ریزی کرتے ہیں انہیں بلوچ کہلوانے کا کوئی حق نہیں انہوں نے کہا کہ ریاست اور عوام دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں اور ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ احتجاج ہر شہری کا آئینی حق ہے تاہم امن وامان قائم رکھنا اور رائٹ ٹو اسمبل ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے حکومت بلوچستان اس فرض کو ہر صورت پورا کرے گی انہوں نے کہا کہ ایک سال قبل ہم نے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ صوبے میں امن قائم کیا جائے گا الحمدللہ آج صورتحال واضح طور پر بہتری کی جانب گامزن ہے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں آج بھی ہمارے سیکیورٹی اہلکار عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں ایک بہادر سپاہی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زخمی ہونے کے باوجود اس نے محاذ چھوڑنے سے انکار کرتے کیا یہی وہ جذبہ ہے جو بلوچستان میں دیرپا امن کی ضمانت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام سیکیورٹی فورسز، لیویز اور پولیس کی قربانیوں کو ہمیشہ عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ان قربانیوں کے نتیجے میں صوبہ دوبارہ امن وسکون کا گہوارہ بن رہا ہے نوجوانوں کو پیغام دیتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وہ بیرونی پروپیگنڈے اور گمراہ کن عناصر سے ہوشیار رہیں، کیونکہ دشمن کی تمام کوششیں صوبے کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لیے ہیں انہوں نے کہا کہ ریاست پاکستان مذاکرات کے لیے تیار ہے لیکن شرط یہ ہے کہ آئین پاکستان کو تسلیم کیا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کچھ عناصر بلوچ نوجوانوں کو پہاڑوں پر دھکیل رہے ہیں لیکن حکومت انہیں تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کر کے معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لئے پرعزم ہے ان کی انہوں نے کہا کہ اس وقت 28 ہزار بلوچ نوجوان پاک فوج میں خدمات انجام دے رہے ہیں اور مادر وطن کے دفاع میں پیش پیش ہیں چند گمراہ کن عناصر اپنے پروپیگنڈے سے 25 کروڑ پاکستانیوں کو نقصان نہیں پہنچا سکتے یونیورسٹی اور کالج کے طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے انہیں گمراہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے لیکن حکومت ان کے جائز مسائل حل کرنے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ ان کے دور حکومت میں کسی تعلیمی شعبے یا سرکاری نوکری کی فروخت کی اجازت نہیں دی گئی اور میرٹ پر سختی سے عمل جاری رہے گا وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ وہ خود یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں میں جا کر طلبہ کے مسائل سنیں گے اور آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے ان کے تمام جائز مطالبات پورے کریں گے۔

CamScanner

DIRECT
GENERAL O
RELATIONS B

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 7

جلد نمبر-24 جمعہ 15 اگست 2025ء بمطابق 20 صفر المظفر 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر-220

## گوادر سے ژوب تک عوام نے جشن آزادی منایا


# بلوچستان میں دہشتگردی کا خاتمہ قریب ہے

## سرفراز بگٹی

### دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پارلیمنٹ نے لیڈ لینی ہے علماء اور تمام مکاتب فکر نے سیکورٹی فورسز کے ساتھ ملکر دہشتگردی کا خاتمہ کرنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

### ملک پر جب بھی مشکل وقت آیا بلوچستان کے لوگ ڈٹ کر کھڑے رہے اور ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے اور آئندہ بھی ہر وقت وطن عزیز کے ساتھ کھڑے رہیں گے؛ 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آزادی کا دن ہمارے اسلاف کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور اس سال یہ دن اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے کہ ہم نے ایک ایسے دشمن کو شکست دی جو نہ صرف طاقت میں سات گنا بڑا تھا بلکہ تکبر اور غرور میں ڈوبا ہوا تھا ہماری بہادر افواج نے جس جواں مردی اور عزم کے ساتھ اس دشمن کے دانت کھٹے کیے وہ پوری قوم کے لیے فخر کا باعث ہے اہلیانِ بلوچستان کی جانب سے افواجِ پاکستان، بالخصوص فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر، صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے قیادت، بصیرت اور اتحاد کا شاندار مظاہرہ کیا 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار میں پرچم کشائی کی پروقار (بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار میں پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنگ میں حاصل ہونے والی فتح مبین پوری پاکستانی قوم کے اتحاد کی علامت ہے ماضی گواہ ہے ملک پر جب جب بھی مشکل وقت آیا بلوچستان کے لوگ ڈٹ کر کھڑے رہے اور ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے اور آئندہ بھی ہر وقت وطن عزیز کے ساتھ کھڑے رہیں گے انہوں نے کہا کہ گوادر سے ژوب اور پورے بلوچستان کے عوام نے جشنِ آزادی کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا اور یہ اسی زندہ قوم کی پہچان ہے جو اپنے قومی تہوار کو ولولے کے ساتھ مناتی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، خواہ بلوچ ہوں، پشتون، ہزارہ یا دیگر اقوام، اپنی روایات اور اقدار کے امین ہیں لیکن ایک مٹھی بھر دہشت گرد گروہ نہ صرف ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ بلوچ روایات کی بھی پامالی کر رہا ہے معصوم عورتوں، بچوں اور مسافروں کو نشانہ بنانا ہمارے معاشرتی اور قبائلی اصولوں کے سراسر خلاف ہے وزیراعلیٰ نے اس طرزِ عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر کو بلوچستان کے عوام نے پہلے بھی مسترد کیا اور آئندہ بھی ان کے خلاف متحد رہیں گے انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد معصوم شہریوں، مزدوروں کو قتل کرتے ہیں ایک عورت کے سامنے اس کے شوہر اور جوان بیٹے کو چھلنی کیا جاتا ہے اور پھر تاثر دیا جاتا ہے کہ خواتین اور بچوں کو چھوڑ دیا گیا یہ کیسا چھوڑنا ہوا اور خاتون کی کیسی تکریم ہوئی جس میں اس کے سامنے اس کے سہاگ اور جوان بیٹے کو بے دردی سے قتل کر دیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی آنکھوں سے آنکھ ملا کر ان کی مذمت کرنا ضروری ہے دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں پارلیمنٹ کو لیڈ لینی ہے اور پارلیمنٹ پارلیمنٹ کے ساتھ علمائے کرام اور تمام مکاتب فکر کو قیادت کا کردار ادا کرنا ہوگا وزیراعلیٰ نے یقین ظاہر کیا کہ بلوچستان سے دہشت گردی اور بدامنی کا خاتمہ قریب ہے اور ہماری بہادر فورسز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں سے امن کا سورج جلد طلوع ہوگا ہم نے ماضی میں بھی ایسے حالات دیکھے ہیں اور امن کی جانب بھی لوٹتے دیکھا اب بھی ہمیں پختہ یقین ہے کہ عوام، سیکورٹی فورسز مل کر دہشت گردی کے ناسور پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہو جائیں گے اور بلوچستان ماضی کے مثالی امن کی طرف لوٹے گا تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ نے اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، ان کی ٹیم اور منتظمین کو شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دی انہوں نے تقریب میں پرفارم کرنے والے اسکول کے بچوں کے لیے پانچ لاکھ روپے نقد انعام کا اعلان بھی کیا وزیراعلیٰ نے اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹرز، علمائے کرام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقات کی اور انہیں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی۔ وہ تقریب میں شریک بچوں کے ساتھ گھل مل گئے اور بچوں نے ان کے ساتھ یادگار تصاویر بھی بنوائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECT... GENERAL ... RELATIONS B...

نظامت اعلی ... حکومت ...

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جمعہ 15 اگست 2025ء بمطابق 20 صفر المظفر 1447ھ قیمت 20 روپے — جلد 20 — شمارہ 221


# دہشتگردی کے ناسور پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہوجائینگے، وزیراعلیٰ

## آزادی کا دن اسلاف کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے

**بلوچستان کے عوام، اپنی روایات اور اقدار کے امین ہیں لیکن ایک مٹھی بھر دہشت گرد گروہ نہ صرف ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے دہشتگردی کے خاتمے کے لئے پارلیمنٹ نے لیڈ لینی ہے**

**دہشت گرد معصوم شہریوں، مزدوروں کو قتل کرتے ہیں، علماء کرام اور تمام مکاتب فکر نے سیکورٹی فورسز کے ساتھ ملکر دہشتگردی کا خاتمہ کرنا ہے، میر سرفراز بگٹی کا یوم آزادی کی تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آزادی کا دن ہمارے اسلاف کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور اس سال یہ دن اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے کہ ہم نے ایک ایسے دشمن کو شکست دی جو نہ صرف طاقت میں سات گنا بڑا تھا بلکہ تکبر اور غرور میں ڈوبا ہوا تھا ہماری بہادر افواج نے جس جواں مردی اور عزم کے ساتھ اس دشمن کے دانت کھٹے کیے وہ پوری قوم کے لیے فخر کا باعث ہے اہلیانِ بلوچستان کی جانب سے افواجِ پاکستان، بالخصوص فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر، صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے قیادت، بصیرت اور اتحاد کا شاندار مظاہرہ کیا 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنگ میں حاصل ہونے والی فتح مبین پوری پاکستانی قوم کے اتحاد کی علامت ہے ماضی گواہ ہے ملک پر جب جب بھی مشکل وقت آیا بلوچستان کے لوگ ڈٹ کر کھڑے رہے اور ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے اور آئندہ بھی ہر وقت وطن عزیز کے ساتھ کھڑے رہیں گے انہوں نے کہا کہ گوادر سے ژوب اور پورے بلوچستان کے عوام نے جشنِ آزادی کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا اور یہ اسی زندہ قوم کی پہچان ہے جو اپنے قومی تہوار کو ولولے کے ساتھ مناتی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، خواہ بلوچ ہوں، پشتون، ہزارہ یا دیگر اقوام، اپنی روایات اور اقدار کے امین ہیں لیکن ایک مٹھی بھر دہشت گرد گروہ نہ صرف ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ بلوچ روایات کی بھی پامالی کر رہا ہے معصوم عورتوں، بچوں اور مسافروں کو نشانہ بنانا ہمارے معاشرتی اور قبائلی اصولوں کے سراسر خلاف ہے وزیراعلیٰ نے اس طرزِ عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر کو بلوچستان کے عوام نے پہلے بھی مسترد کیا اور آئندہ بھی ان کے خلاف متحد رہیں گے انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد معصوم شہریوں، مزدوروں کو قتل کرتے ہیں ایک عورت کے سامنے اس کے شوہر اور جوان بیٹے کو چھلنی کیا جاتا ہے اور پھر تاثر دیا جاتا ہے کہ خواتین اور بچوں کو چھوڑ دیا گیا یہ کیسا چھوڑنا ہوا اور خاتون کی کیسی تکریم ہوئی جس میں اس کے سامنے اس کے سہاگ اور جوان بیٹے کو بے دردی سے قتل کر دیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی آنکھوں سے آنکھ ملا کر ان کی مذمت کرنا ضروری ہے دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں پارلیمنٹ کو لیڈ لینی ہے اور پارلیمنٹ پارلیمنٹ کے ساتھ علمائے کرام اور تمام مکاتب فکر کو قیادت کا کردار ادا کرنا ہوگا وزیراعلیٰ نے یقین ظاہر کیا کہ بلوچستان سے دہشت گردی اور بدامنی کا خاتمہ قریب ہے اور ہماری بہادر فورسز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں سے امن کا سورج جلد طلوع ہوگا ہم نے ماضی میں بھی ایسے حالات دیکھے ہیں اور امن کی جانب بھی لوٹتے دیکھا اب بھی ہمیں پختہ یقین ہے کہ عوام، سیکورٹی فورسز مل کر دہشت گردی کے ناسور پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہو جائیں گے اور بلوچستان ماضی کے مثالی امن کی طرف لوٹے گا تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ نے اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، ان کی ٹیم اور منتظمین کو شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دی انہوں نے تقریب میں پرفارم کرنے والے اسکول کے بچوں کے لیے پانچ لاکھ روپے نقد انعام کا اعلان بھی کیا وزیراعلیٰ نے اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، سینیٹرز، علمائے کرام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقات کی اور انہیں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی۔ وہ تقریب میں شریک بچوں کے ساتھ گھل مل گئے اور بچوں نے ان کے ساتھ یادگار تصاویر بھی بنوائیں۔




کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی یوم آزادی کی تقریب سے خطاب جبکہ دوسری جانب پرچم کشائی کر رہے ہیں

## اعزازات پانے والی شخصیات کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، وزیراعلیٰ

**شاندار خدمات، بے لوث محنت اور ملک و قوم کے لیے غیر معمولی کردار کا اعتراف ہیں**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معرکہ حق جشن آزادی کے موقع پر ایوان صدر اسلام آباد میں اعلیٰ سول و عسکری اعزازات پانے والی ممتاز شخصیات کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے تہنیتی بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اعزازات ان شخصیات کی شاندار خدمات، بے لوث محنت اور ملک و قوم کے لیے غیر معمولی کردار کا اعتراف ہیں جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر (ہلالِ جرأت)، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو (ہلالِ جرأت)، جنرل ساحر شمشاد چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی (نشانِ امتیاز)، ایڈمرل نوید اشرف چیف آف نیول اسٹاف (نشانِ امتیاز)، محسن نقوی وفاقی وزیر داخلہ (نشانِ امتیاز)، اسحاق ڈار نائب وزیر اعظم (نشانِ امتیاز)، اعظم نذیر تارڑ وفاقی وزیر قانون (نشانِ امتیاز)، عطا اللہ تارڑ وفاقی وزیر اطلاعات (نشانِ امتیاز)، خواجہ آصف وفاقی وزیر دفاع (نشانِ امتیاز)، بلاول بھٹو زرداری چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی (نشانِ امتیاز) اور احسن اقبال وفاقی وزیر منصوبہ بندی (نشانِ امتیاز) وہ شخصیات ہیں جنہیں آج ملک کے اعلیٰ ترین اعزازات سے نوازا گیا ہے جو باعث مسرت ہے

CamScanner



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی میں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کررہے ہیں

Bullet No.

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ

کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعہ 15 اگست 2025ء 20 صفر المظفر 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 221

# عوام اور سیکورٹی فورسز ملک دہشتگردی کے ناسور پر جلد قابو پالیں گے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

### مٹھی بھر دہشت گرد گروہ نہ صرف ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ بلوچ روایات کی بھی پامالی کر رہا ہے

### فورسز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں سے امن کا سورج جلد طلوع ہوگا ہم نے ماضی میں بھی ایسے حالات دیکھے ہیں اور امن کی جانب بھی لوٹتے دیکھا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آزادی کا دن ہمارے اسلاف کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور اس سال یہ دن اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے کہ ہم نے ایک ایسے دشمن کو شکست دی جو نہ صرف طاقت میں سات گنا بڑا تھا بلکہ تکبر اور غرور میں ڈوبا ہوا تھا ہماری بہادر افواج نے جس جواں مردی اور عزم کے ساتھ اس دشمن کے دانت کھٹے کیے وہ پوری قوم کے لیے فخر کا باعث ہے اہلیانِ بلوچستان کی جانب سے افواجِ پاکستان، بالخصوص فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر، صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے قیادت، بصیرت اور اتحاد کا شاندار مظاہرہ کیا 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنگ میں حاصل ہونے والی فتح مبین پوری پاکستانی قوم کے اتحاد کی علامت ہے ماضی گواہ ہے ملک پر جب جب بھی مشکل وقت آیا بلوچستان کے لوگ ڈٹ کر کھڑے رہے اور ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے اور آئندہ بھی ہر وقت وطن عزیز کے ساتھ کھڑے رہیں گے انہوں نے کہا کہ گوادر سے ژوب اور پورے بلوچستان کے عوام نے جشنِ آزادی کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا اور یہ اسی زندہ قوم کی پہچان ہے جو اپنے قومی تہوار کو ولولے کے ساتھ مناتی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، خواہ بلوچ ہوں، پشتون، ہزارہ یا دیگر اقوام، اپنی روایات اور اقدار کے امین ہیں لیکن ایک مٹھی بھر دہشت گرد گروہ نہ صرف ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ بلوچ روایات کی بھی پامالی کر رہا ہے معصوم عورتوں، بچوں اور مسافروں کو نشانہ بنانا ہمارے معاشرتی اور قبائلی اصولوں کے سراسر خلاف ہے وزیر اعلیٰ نے اس طرزِ عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر کو بلوچستان کے عوام نے پہلے بھی مسترد کیا اور آئندہ بھی ان کے خلاف متحد رہیں گے انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد معصوم شہریوں، مزدوروں کو قتل کرتے ہیں ایک عورت کے سامنے اس کے شوہر اور جوان بیٹے کو چھلنی کیا جاتا ہے اور پھر تاثر دیا جاتا ہے کہ خواتین اور بچوں کو چھوڑ دیا گیا یہ کیسا چھوڑنا ہوا اور خاتون کی کیسی تکریم ہوئی جس میں اس کے سامنے اس کے سہاگ اور جوان بیٹے کو بے دردی سے قتل کر دیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی آنکھوں سے آنکھ ملا کر ان کی مذمت کرنا ضروری ہے دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں پارلیمنٹ کو لیڈ لینی ہے اور پارلیمنٹ کے ساتھ علمائے کرام اور تمام مکاتب فکر کو قیادت کا کردار ادا کرنا ہوگا۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی جشن آزادی کے موقع پر بلوچستان اسمبلی میں پرچم کشائی کے بعد تقریب سے خطاب کررہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، وزیر تعلیم

Balochistan Times


MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

No. B.C.6 VOL XLV No. 1188 QUETTA Friday August 15, 2025 / Safar 20, 1447 Rs: 30

# Bugti calls for unity against terrorism on Independence Day

## Reduces 60-day in sentences for prisoners across province



Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister (CM) Mir Sarfraz Bugti declared that Independence Day is a solemn reminder of the profound sacrifices made by Pakistan's forefathers.

Speaking at a flag-hoisting ceremony on the lawns of the Provincial Assembly, he emphasized that this year's celebration carries exceptional signific...

Minister Mian Muhammad Shehbaz Sharif, commending their leadership, vision, and solidarity.

Bugti hailed the victory as a symbol of national cohesion, noting that Balochistan has always stood firm in times of crisis. "From Gwadar to Zhob, the people celebrated Independence Day with unmatched enthusiasm. This is the spirit of a vibrant nation."

He underscored the cultural...

where a woman witnessed the brutal killing of her husband and son, CM Bugti challenged the false narratives that claim mercy was shown. "What kind of respect is that, when a woman watches her family gunned down before her eyes?"

Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has approved a 60-day reduction in sentences for...

against terrorism, urging Parliament to take the lead. "Religious scholars and all schools of thought must stand shoulder to shoulder with our security forces. This is a fight for the soul of our nation."

Expressing optimism, Bugti said the end of terrorism in Balochistan is near. "We've seen dark times...



# Resource Center uniting province

Staff Report

QUETTA: The Balochistan Youth Resource Center became a lively hub of patriotic fervor on August 14, as it hosted a grand celebration attended by citizens from...

to rise in respect.

An interactive activity titled Brotherhood and Unity followed, where attendees exchanged messages reminding one another that Pakistan is the shared home of all communities.

message that the green and white flag is not merely a piece of cloth, but a profound emblem of unity, religious harmony, and equality for both minority and majority communities.

# انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہماری آئینی و اخلاقی ذمہ داری، چیف جسٹس بلوچستان

آزادی ایک روحانی اور تہذیبی معاہدہ

**پاک وطن بے پناہ قربانیوں کے بعد معرض وجود میں آیا، ان قربانیوں کی بدولت آج ہم آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان میں 78ویں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ، معزز ججز، رجسٹرار بلوچستان ہائی کورٹ، ماتحت عدلیہ کے معزز جج صاحبان، ہائی کورٹ کے افسران، اسٹاف، ایڈووکیٹ جنرل، سنیئر وکلاء اور بار کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس روزی خان بڑیچ نے اس موقع پر پرچم کشائی کی۔ چیف جسٹس نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پوری قوم، تمام معزز ججز اور پورے جوڈیشل اسٹاف کو 78ویں جشن یوم آزادی کے موقع پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی اور کہا کہ عرض پاک بے پناہ قربانیوں کے بعد معرض وجود میں آیا۔ ان قربانیوں کی بدولت آج ہم اس آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم پاکستان کے 78ویں یوم آزادی منا رہے ہیں۔ آزادی محض ایک جشن نہیں، بلکہ ایک امانت ہے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ آزادی ایک روحانی اور تہذیبی معاہدہ بھی ہے، جو ہمیں آئین کی سربلندی، قانون کی حکمرانی اور ریاستی اداروں کی خود مختاری کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اصل اسٹیک ہولڈرز عوام ہیں۔ ہماری آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے کہ ہم ہر مقدمہ پوری توجہ اور غیر جانبداری کے ساتھ سنیں اور انصاف کے تمام تقاضے پورے کریں اور ہر شہری کو بروقت، شفاف اور غیر امتیازی انصاف مہیا ہو۔ چیف جسٹس روزی خان بڑیچ نے مزید کہا کہ مقدمات کی شفاف اور بروقت سماعت کے لیے جدید آٹو میشن نظام متعارف کرایا جا چکا ہے۔ وراثتی مقدمات کے فوری تصفیے کے لیے خصوصی عدالتیں قائم ہو چکی ہیں، تا کہ وارثان کو ان کا حق کم سے کم مدت میں مل جائے۔ اور اسی طرح کرایہ داری اور بے دخلی کے مقدمات کے لیے بھی ایک عدالت مختص کی گئی ہے۔ تا کہ وہ قانون کے مقرر کردہ وقت میں مقدمات کا فیصلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ دیوانی مقدمات کے لیے فاسٹ ٹریک نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ جو کہ اس بات کی واضح ثبوت ہے کہ عدلیہ بشمول جج اور وکلا وقت کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے بروقت فیصلوں کے عمل کو یقینی بنائیں۔ خواتین بشمول جج اور وکلا جو مقدمے کی پیروی میں اپنے نابالغ بچوں کے ساتھ عدالت آتے ہیں ان کیلئے ڈے کیئر مراکز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، تا کہ نابالغ بچوں کو ایک اچھا ماحول ملے۔

## 14 اگست ہمیں ملکی سالمیت اور امن کیلئے قربانیاں دینے والوں کی یاد دلاتا ہے، ڈی جی لیویز

**امن وامان کی بحالی یا عوام کی خدمت لیویز فورس نے ہمیشہ مثالی کردار ادا کیا ہے، عبدالغفار مگسی کا تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی نے کہا ہے کہ 14 اگست ہمارے لیے صرف ایک تاریخی دن نہیں، بلکہ یہ ان قربانیوں کی یاد ہے جو ہمارے سیکیورٹی اداروں کے جوانوں نے وطن عزیز کے تحفظ، امن اور سالمیت کے لیے دیں۔ لیویز فورس نے ہر محاذ پر اپنے فرائض انتہائی جانفشانی، قربانی اور جذبے سے انجام دیے ہیں، چاہے وہ دہشت گردی کا مقابلہ ہو، امن وامان کی بحالی یا عوام کی خدمت لیویز فورس نے ہمیشہ مثالی کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم آزادی پاکستان کے موقع پر بلوچستان لیویز ہیڈکوارٹر کوئٹہ منعقد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ہوئی۔ اس موقع پر پرچم کشائی کی گئی، قومی ترانہ بجایا گیا اور آزادی کے شہدا کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آزادی ایک عظیم نعمت ہے۔ یہ وہ قیمتی تحفہ ہے جس کی بدولت ہم اپنے دین، تہذیب، اقدار، سوچ اور زندگی کو اپنی مرضی سے گزار سکتے ہیں۔ آزادی ہمیں اظہار رائے، عبادت، تعلیم، ترقی اور قومی خود مختاری کا حق دیتی ہے۔ یوم آزادی ہمیں یاد دلاتا ہے کہ یہ نعمت بے شمار قربانیوں، جدوجہد اور طویل سفر کے بعد حاصل ہوئی۔ ہمیں اس کی قدر بھی کرنی چاہیے اور اس کے تحفظ وفروغ کے لیے عملی کردار بھی ادا کرنا چاہیے۔ قومیں وہی ترقی کرتی ہیں جو اپنی آزادی کا شعور رکھتی ہیں اور اسے سنوارنے کے لیے متحد ہو کر کام کرتی ہیں۔ یوم آزادی کی یہ تقریب اس بات کا عملی ثبوت تھی کہ بلوچستان لیویز فورس نہ صرف ایک سیکیورٹی ادارہ ہے بلکہ عوامی خدمت اور قومی یکجہتی کی ایک روشن علامت بھی ہے۔ لیویز فورس آئندہ بھی ملک وقوم کی خدمت، امن کے قیام اور عوامی اعتماد کی بحالی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔ تقریب میں لیویز کے افسران، نے بھرپور شرکت کی۔ کیک کاٹا گیا، اور سبز ہلالی پرچم کے ساتھ حب الوطنی کا والہانہ اظہار کیا گیا۔



## وفاقی ٹیکس محتسب سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوم آزادی کی پروقار تقریب

**تقریب میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی بھرپور شرکت کی**



کوئٹہ (جنرل رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس کوئٹہ میں پاکستان کے 78ویں یوم آزادی کی مناسبت سے ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ اس تقریب کا مقصد نہ صرف آزادی کی خوشی کو منانا تھا بلکہ وطنِ عزیز کی ترقی، خوشحالی اور استحکام

........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کے عزم کو تازہ کرنا بھی تھا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی صدر بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن، امجد علی صدیقی تھے جنہوں نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی آزادی ایک عظیم نعمت ہے اور ہمیں اس کے تحفظ کے لیے اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کو پوری ایمانداری کے ساتھ ادا کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ یوم آزادی محض ایک دن کی تقریبات کا نام نہیں بلکہ یہ اپنے ماضی کی قربانیوں کو یاد کرنے اور مستقبل کے لیے بہتر اقدامات کرنے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ اس موقع پر بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے دیگر اراکین فہد ہاشمی اور دانیال، جبکہ کسٹمز کوئٹہ کے اسسٹنٹ کلیکٹر محمد سلیم کھوکھر بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ تقریب کے شرکاء نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنے شعبہ جات میں شفافیت، دیانتداری اور خدمت کے جذبے کو فروغ دینا چاہیے تا کہ ہم حقیقی معنوں میں وطن کی ترقی میں کردار ادا کرسکیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 15 AUG 2025 Page No. 14

## وزیراعلیٰ کی جانب سے قیدیوں کی سزاؤں میں دو ماہ کی تخفیف کا اعلان

**ملکی سلامتی کیخلاف جرائم، دہشت گردی، قتل، زیادتی، اغوا، ڈکیتی کے قیدی اس رعایت کے حقدار نہیں ہونگے، ترجمان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انسانی ہمدردی پر مبنی اہم اقدام اٹھاتے ہوئے یوم آزادی کے موقع پر قیدیوں کی سزاؤں میں ساٹھ روزہ تخفیف کی منظوری دے دی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تمام جیلوں اور عدالتی حراستی مراکز کے سزا یافتہ قیدیوں کی سزا میں ساٹھ دن کی کمی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا، خصوصی رعایت تمام سزا یافتہ قیدیوں پر لاگو ہوگی تاہم اس کا اطلاق سنگین جرائم میں ملوث قیدیوں ملکی سلامتی کے خلاف جرائم، دہشت گردی، قتل، زیادتی، اغوا، ڈکیتی یا سنگین جرائم کے قیدی بھی اس رعایت کے حقدار نہیں ہوں گے رواں سال پہلے ہی خصوصی معافی پانے والے قیدی بھی اس رعایت سے مستفید نہیں ہوسکیں گے، محکمہ داخلہ بلوچستان فیصلہ کا مقصد جشن آزادی کی خوشیوں میں قیدیوں اور ان کے اہل خانہ کو شامل کرنا ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت صوبائی حکومت قیدیوں کی اصلاح اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے لیے سہولتیں فراہم کرنے پر یقین رکھتی ہے۔

## FC بلوچستان کیجانب سے تعلیمی میدان میں خدمات کا سلسلہ جاری

**گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول تمپ کی خستہ حال عمارت کی مکمل تزئین و آرائش کا منصوبہ پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا**

تربت (نامہ نگار) ایف سی بلوچستان ساؤتھ کی جانب سے تعلیم کے میدان میں خدمات کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے مند ملیشیاء اور انڈیگو ٹیکسٹائل پرائیویٹ لمیٹڈ کے تعاون سے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول تمپ کی خستہ حال عمارت کی مکمل تزئین و آرائش کا منصوبہ پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا۔ آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ میجر جنرل بلال سرفراز خان کی خصوصی ہدایت پر شروع کیے گئے اس منصوبے کے تحت اسکول میں 10 کے وی اے سولر پینل نصب کیا گیا، بجلی کے آلات کی فراہمی، وائٹ بورڈز، تربیتی سامان، کلاس رومز اور فرنیچر کی مرمت کی گئی، جبکہ دیگر بنیادی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ منصوبے پر مجموعی طور پر 15 لاکھ 50 ہزار روپے لاگت آئی۔ یہ اسکول طویل عرصے سے بنیادی سہولیات سے محروم تھا، جس کے باعث شدید گرمی اور فرسودہ ڈھانچے کی وجہ سے طالبات کو تعلیم کے حصول میں شدید مشکلات پیش آتی تھیں۔ منصوبے کی تکمیل کو یوم آزادی اور معرکۂ حق کی قومی کامیابی کی خوشی میں علاقے کے عوام کے لیے ایک خصوصی تحفہ قرار دیا جارہا ہے۔ طالبات اور اساتذہ نے اسکول کی تزئین و آرائش اور جدید سہولیات کی فراہمی پر ایف سی بلوچستان ساؤتھ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام علاقے میں معیاری تعلیم کے فروغ اور روشن مستقبل کی بنیاد رکھنے میں سنگِ میل ثابت ہوگا۔

## 17 عناصر پر مشتمل نایاب معدنیات "ریئر ارتھ منرلز" کیا ہیں؟

**بلوچستان اور شمالی علاقہ جات میں ان معدنیات کے ذخائر موجود ہونے کی رپورٹس ہیں**

**موبائل فون، کمپیوٹر، برقی گاڑیوں، ٹربائنز، سولر پینلز، فائبر آپٹکس، ہتھیاروں میں کلیدی کردار ہے**

کراچی (نیوز ڈیسک) ریئر ارتھ منرلز وہ معدنیات ہیں جو زمین کی سطح پر کم مقدار میں پائے جاتے ہیں مگر اپنی سائنسی اور صنعتی اہمیت کے باعث نہایت قیمتی سمجھے جاتے ہیں۔ ان کا شمار سترہ (17) عناصر پر مشتمل ایک مخصوص گروہ میں کیا جاتا ہے، جنہیں ''ریئر ارتھ ایلیمنٹس'' (Rare Earth Elements) کہا جاتا ہے۔ پاکستان میں بھی خاص طور پر بلوچستان اور شمالی علاقہ جات میں ان معدنیات کے ذخائر موجود ہونے کی رپورٹس ہیں، مگر ان پر تحقیق اور کمرشل بنیادوں پر نکالنے کا عمل ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے۔ موبائل فون، کمپیوٹر، برقی گاڑیوں، ٹربائنز، سولر پینلز، فائبر آپٹکس، ہتھیاروں میں کلیدی کردار ہے ان 17 عناصر میں لینتھینائڈ سیریز کے پندرہ عناصر کے ساتھ اسکینڈیم (Scandium) اور یٹریئم (Yttrium) شامل ہیں اگرچہ یہ معدنیات زمین میں نسبتاً زیادہ پھیلاؤ رکھتی ہیں، مگر خالص حالت میں ان کا نکالنا (Extraction) مشکل اور مہنگا عمل ہے، اسی لیے انہیں ''ریئر'' یعنی نایاب کہا جاتا ہے۔ ریئر ارتھ منرلز جدید ٹیکنالوجی کی ریڑھ کی ہڈی سمجھے جاتے ہیں۔ موبائل فون، کمپیوٹر، برقی گاڑیاں، ونڈ ٹربائنز، سولر پینلز، فائبر آپٹکس، دفاعی ہتھیار، اور ایرو اسپیس انڈسٹری سب میں ان عناصر کا کلیدی کردار ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## چہلم کا جلوس آج برآمد ہوگا، کوئٹہ میں موبائل فون سروس بند رہے گی

**کوئٹہ میں قائد آباد، کوالمنڈی اور بروری کے علاقوں میں موبائل فون سروس بند، سیکورٹی ہائی الرٹ رہے گی**

**شہر میں موٹر سائیکل پر ڈبل سواری ممنوع، سروس صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک بند ہوگی، محکمہ داخلہ بلوچستان**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں چہلم حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے موقع پر موبائل فون سروس بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق 15 اگست کو کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں موبائل سروس بند رہے گی۔ محکمہ داخلہ کے مطابق کوئٹہ کے علاقے قائد آباد، کوالمنڈی اور بروری میں موبائل........

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

فون سروس بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کا کہنا ہے کہ موبائل فون سروس 15 اگست کو صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک بند ہوگی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پہلے ہی پابندی عائد ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور، بیشتر ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اسٹیشن پر موجود نہیں

**افسران کی عدم موجودگی کے باعث دفتری امور درہم برہم ہوکر رہ گئے، مختلف محکموں کے ملازمین بھی ڈیوٹی سے غائب، کوئی پوچھنے والا نہیں**

**بااثر افسران کوئٹہ میں بیٹھ کر دفتری امور چلانے میں مصروف، تمام دفتری معاملات کلرک کے سپرد، ڈی سی پنجگور کا صورتحال پر برہمی کا اظہار**

پنجگور (نمائندہ انتخاب) ڈسٹرکٹ پنجگور میں بیشتر ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اسٹیشن پر موجود نہیں تفصیلات کے مطابق پنجگور میں مختلف محکموں کے افسران کی عدم موجودگی کی وجہ سے دفتری امور درہم برہم ہوکر رہ گئے ہیں جب ڈسٹرکٹ ہیڈ اسٹیشن پر موجود نہ ہوں تو محکموں کے ملازمین کیسے ڈیوٹی دینگے مختلف محکموں کے ملازمین بھی ڈیوٹی سے غائب ہیں گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر پنجگور نے مختلف محکموں کے افسران کی اسٹیشن پر عدم موجودگی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سخت کارروائی کا فیصلہ کرلیا تھا مگر اس کے باوجود بااثر افسران کوئٹہ میں بیٹھ کر محکمہ چلارہے ہیں خصوصاً محکمہ مواصلات اور تعمیرات پبلک ہیلتھ اریگیشن سمیت دیگر محکموں کے ہیڈ کی عدم دلچسپی کی وجہ سے محکمہ کلرک کے سپرد کیے گئے ہیں جبکہ چند محکموں فشریز، صنعت و حرفت کی کارکردگی پہلے سے سوالیہ نشان بن گئے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 15 AUG 2025 Page No. 16

Bullet No. 4

## کوئٹہ، ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں پر دستی بم حملہ، ایک نوجوان جاں بحق کزن زخمی

**کلی زرین میں معمول کی گشت پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانے کی کوشش [illegible] سبزل روڈ پر دستی بم ناکارہ بنا دیا گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیو سریاب کلی زرین میں نامعلوم افراد کا ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں پر دستی بم حملے کی کوشش بم پھٹنے سے ایک راہگیر نوجوان جاں بحق کزن زخمی ہوگیا جبکہ سبزل روڈ پر دستی بم برآمد ہوا پولیس کے مطابق نیو سریاب تھانے کے ایگل اسکواڈ کے چار اہلکار موٹر سائیکلوں پر کلی زرین میں معمول کی گشت کر رہے تھے اسی دوران نامعلوم موٹر سائیکل سواروں ان پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے۔ بم سڑک پر گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار راہگیر دو کزن غلام فاروق اور شکیل احمد شدید زخمی ہوگئے جبکہ ایگل اسکوارڈ کے اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں زخمی غلام فاروق زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی جبکہ ایس ایچ او سریاب [illegible] دیگر عملے کے ہمراہ بلوچستان یونیورسٹی کے سامنے سبزل روڈ پر گشت کر رہا تھا کہ سڑک کنارے [illegible] دستی بم دیکھ کر بم ڈسپوزل اسکوارڈ کو طلب کرتے ہوئے سڑک کو ٹریفک کیلئے بند کر دیا بم اسکوارڈ نے موقع پر پہنچ کر بم کو ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا۔

## زیارت میں فائرنگ، تین وکلا زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) زیارت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے تین وکلاء زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کردیا گیا ڈپٹی کمشنر زیارت ذکا درانی کے مطابق زیارت کے علاقے سخوبی میں تین وکلا اپنی گاڑی میں جا رہے تھے کہ نامعلوم افراد ان پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں صاحبزادہ نثار احمد ایڈووکیٹ، فیصل قریشی ایڈووکیٹ اور ان کا ساتھی وکیل شدید زخمی ہوگئے اطلاع ملنے پر لیویز نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں طبی امداد کے بعد زخموں کو کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ڈپٹی کمشنر کے مطابق فائرنگ کا واقعہ دو گروہوں کے درمیان تنازع کے باعث پیش آیا۔

## قلات، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے لیویز اہلکار شہید، اغوا ہونے والے شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلات جوہان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے لیویز اہلکار شہید ہو گیا جبکہ اغوا ہونے والے شخص کی لاش برآمد ہوئی لیویز کے مطابق جوہان لیویز کا اہلکار بجلو خان گزشتہ روز ڈیوٹی سے واپس گھر جا رہا تھا کہ زرکک کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی شہید ہوگیا اطلاع ملنے پر لیویز نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی جبکہ لیویز نے بتایا کہ قلات لیویز کو اسکلکو گندان سے لاش ملی جسے تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچایا جہاں لاش کی شناخت خضر حیات کے نام سے ہوئی جو چند روز قبل اغوا ہوا تھا ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔

MASHRIQ QUETTA

# بلوچستان، فائرنگ دستی بم حملے لیویز اہلکار سمیت 3 افراد جاں بحق 1 زخمی

**سریاب میں گاڑی پر دستی بم حملے سے راہگیر جاں بحق زرکک میں فائرنگ کر کے لیویز اہلکار ولو خان کو قتل کر دیا گیا**

**چشمہ اچوزئی سے ایک شخص کی نعش برآمد، قلات کے علاقے گندان سے اغوا ہونیوالے خضر حیات نامی شخص کی نعش مل گئی**

**سبزل روڈ پر جامعہ بلوچستان کے قریب نامعلوم ملزمان پولیس کی گاڑی پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے تاہم بم پھٹ نہ سکا**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان میں فائرنگ، دستی بم حملوں کے نتیجے میں لیویز اہلکار سمیت 3 افراد جاں بحق اور 1 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے تھانہ نیو سریاب کے حدود میں کلی زرین میں نامعلوم افراد........

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

نے پولیس کی گاڑی پر دستی بم پھینکا جو گاڑی کے قریب گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ایک راہ گیر جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس، سیکورٹی فورسز اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی زخمی اور نعش کو ہسپتال منتقل کردیا گیا سبزل روڈ پر جامعہ بلوچستان کے قریب نامعلوم ملزمان نے پولیس کی گاڑی پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے تاہم دستی بم پھٹ نہ سکا اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر دستی بم کو ناکارہ بنادیا اس کے علاوہ کوئٹہ کے نواحی علاقے چشمہ اچوزئی سے ایک شخص کی نعش ملی نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا

# نوشکی، کلی مینگل میں انٹرنیٹ سسٹم کئی دنوں سے مسلسل خراب

نوشکی (پ ر) ڈسٹرکٹ کونسل نوشکی کے چیئرمین میر محمد علی خان مینگل نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ کلی مینگل میں پی ٹی سی ایل وائی فائی اور انٹرنیٹ سسٹم گزشتہ کئی دنوں سے مسلسل خراب ہے، لیکن بدقسمتی سے پی ٹی سی ایل کے نااہل اہلکار اس مسئلے کو حل کرنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کر رہے انہوں نے کہا کہ کلی مینگل، کلی قادر آباد اور دیگر قریبی آبادیوں میں طویل عرصے سے پی ٹی سی ایل کی انٹرنیٹ سروس معطل ہے، حکام کو بارہا آگاہ کرنے کے باوجود لائن درست کرنے کے بجائے یہاں کا سسٹم مکمل ختم کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں، جو کہ قابلِ مذمت ہےانھوں نے کہا کہ کلی مینگل کی آبادی میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، اس لیے یہاں کے پی ٹی سی ایل وائی فائی کنکشنز کی تعداد بڑھائی جائے تاکہ صارفین کو معیاری سروس فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں ایک حکم کے تحت موبائل انٹرنیٹ سروسز کی بندش پہلے ہی بلوچستان کو تعلیمی اور معاشی پسماندگی کی طرف دھکیل رہی ہے، اور اب پی ٹی سی ایل کے کچھ عناصر رہی سہی کسر نکالنے پر تلے ہوئے ہیں۔ انھوں نے واضح کیا کہ انٹرنیٹ سروسز کی بندش سے طلباء و طالبات کی تعلیم بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ آج کے جدید دور میں پڑھائی، کاروبار اور سرکاری امور سمیت سب کچھ انٹرنیٹ پر انحصار کرتا ہے، مگر ہمارے طلباء کو علم کی روشنی دینے کے بجائے جہالت اور پسماندگی کی طرف دھکیلا جارہا ہے انہوں نے پی ٹی سی ایل حکام کو تنبیہ کی کہ کلی مینگل سمیت تمام علاقوں کی انٹرنیٹ لائنوں کو فوری درست کیا جائے تاکہ طلباء اپنی آن لائن کلاسز با آسانی جاری رکھ سکیں اور ان کا تعلیمی مستقبل محفوظ رہ سکے، بصورت دیگر بھرپور احتجاج کیا جائے گا، جس کی مکمل ذمہ داری پی ٹی سی ایل انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

# کوئٹہ، نصیر آباد روڈ پر تین ماہ سے پانی کی شدید قلت

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ کے علاقے نصیر آباد روڈ پر پچھلے تین ماہ سے پینے کے صاف پانی کی شدید قلت برقرار ہے، جس سے ہزاروں شہری متاثر ہو رہے ہیں۔ یہ بحران محکمہ پی ایچ ای (پبلک ہیلتھ انجینئرنگ) کی ٹیوب ویل بجلی کی بندش کی وجہ سے پیدا ہوا ہے، جس پر علاقہ مکینوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ علاقے کے مکینوں کے مطابق، اس شدید گرمی میں پانی کی عدم دستیابی نے ان کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ بچوں اور بزرگوں کو پانی کے حصول میں شدید دشواری کا سامنا ہے اور لوگ پانی کی ایک ایک بوند کے لیے ترس گئے ہیں۔ کیسکو اور پی ایچ ای کی جانب سے اس مسئلے پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی، جس کی وجہ سے عوامی حلقوں میں ان محکموں کی بے حسی پر شدید تنقید کی جا رہی ہے۔ متاثرین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام سے فوری مداخلت کا مطالبہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر پانی کی فراہمی کو فوری طور پر بحال نہ کیا گیا تو وہ احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ شہریوں نے اس صورتحال کو انتظامیہ کی ناکامی قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ یہ مسئلہ صرف نصیر آباد روڈ تک محدود نہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 AUG 2025 Page No. 18

## یوم آزادی: معرکہ حق کی تاریخی کامیابی اور قومی یکجہتی کا مظہر

بلوچستان سمیت پورے ملک میں جمعرات کو 78واں یوم آزادی جوش وخروش اور افتخار کے ساتھ منایا گیا اور پوری قوم نے اتحاد، یقین، تنظیم اور انتھک جدو جہد کے عزم کی تجدید کے ساتھ جشن آزادی اور معرکہ حق روایتی اور ملی جوش وجذبہ سے مناتے ہوئے یہ عزم کیا ہے کہ وطن کو ہم عظیم سے عظیم تر بنائیں گے یہ دن ہر سال وطنِ عزیز کے قیام اور اس کے لئے دی جانے والی بے مثال قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے، مگر اس سال کا جشن ایک منفرد اور غیر معمولی اہمیت کا حامل تھا۔ اس کی بنیادی وجہ حال ہی میں معرکہ حق میں حاصل ہونے والی تاریخی کامیابی تھی، جس نے پوری قوم کے ولولے کو نئی جلا بخشی اور جشن آزادی کا لطف دوبالا کر دیا۔ اس کامیابی نے ثابت کر دیا کہ جب ایک قوم اتحاد، یقین اور تنظیم کے اصولوں پر کاربند ہو کر ایک ساتھ کھڑی ہو جائے، تو کوئی بھی چیلنج اس کے ارادوں کو متزلزل نہیں کر سکتا۔ اس سال کے جشن نے نہ صرف ماضی کی قربانیوں کو یاد کیا بلکہ مستقبل کے لئے قومی یکجہتی اور اجتماعی جدو جہد کا ایک نیا عزم بھی پیدا کیا یومِ آزادی کی صبح کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 جبکہ صوبائی دارالحکومتوں میں 21،21 توپوں کی سلامی سے کیا گیا۔ یہ ایک ایسا منظر تھا جو نہ صرف ملک کے دفاعی وقار کو ظاہر کرتا ہے بلکہ اس عزم کا بھی اظہار کرتا ہے کہ پاکستان کے دفاع کے لئے اس کی مسلح افواج ہر لمحہ تیار ہیں۔ مساجد میں پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں، جس میں پوری قوم نے ایک ساتھ مل کر اپنے وطن کی سلامتی کے لئے سر جھکایا۔ یہ ایک ایسا روحانی اور جذباتی لمحہ تھا جس نے تمام پاکستانیوں کو ایک رشتے میں پرو دیا جشن آزادی کے سلسلے کی سب سے بڑی اور اہم تقریب گزشتہ رات سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئی، جہاں پاک فضائیہ کے جنگی طیاروں نے ایک بھرپور فلائی پاسٹ کا مظاہرہ کیا۔ آسمانوں میں قومی پرچم لہراتے ان طیاروں نے نہ صرف پاکستان کی فضائی طاقت کا مظاہرہ کیا بلکہ پوری قوم کو فخر سے سرشار بھی کر دیا۔ اس تقریب میں صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر نے بطور مہمانانِ خصوصی شرکت کی۔ مسلح افواج کے سربراہان اور وفاقی کابینہ کے اراکین کی موجودگی نے اس تقریب کو مزید باوقار بنا دیا۔ مسلح افواج کی شاندار پریڈ اور ثقافتی پروگراموں نے ثابت کیا کہ پاکستان صرف ایک عسکری طاقت ہی نہیں بلکہ ایک ایسی قوم ہے جو اپنی ثقافت، تہذیب اور تنوع پر بھی فخر کرتی ہے یومِ آزادی کے موقع پر مرکزی پرچم کشائی کی تقریب پاکستان مونومنٹ میں منعقد ہوئی۔ یہاں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے قومی پرچم لہرایا اور یادگار شہداء پر حاضری دی۔ یہ یادگار ان ہزاروں جانوں کی قربانی کی علامت ہے جنہوں نے اس ملک کے لئے اپنی زندگیاں قربان کر دیں۔ ان کی یاد میں سر جھکانا نہ صرف ایک فرض ہے بلکہ یہ اس بات کا بھی اقرار ہے کہ آزادی کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے ایوان صدر میں ایک باوقار تقریب میں دفاع سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والی اعلیٰ فوجی اور سول شخصیات کو اعلیٰ اعزازات سے نوازا گیا۔ صدر مملکت اور وزیر اعظم نے اپنے ہاتھوں سے یہ اعزازات عطا کئے یہ اعزازات دفاع وطن سے لے کر استحکام اور ترقی وطن تک کام کرنے والی شخصیات کی خدمات اور جدو جہد کا نمایاں اعتراف ہے تمام تقریبات کے دوران، صدر، وزیر اعظم اور دیگر اہم شخصیات نے یومِ آزادی کے موقع پر خصوصی پیغامات جاری کئے۔ ان پیغامات میں ماضی حال اور مستقبل کا ذکر تھا کہ ہمیں چیلنجز سے کیسے نمٹنا ہے۔ یقیناً یہ پیغامات پوری قوم کی رہنمائی کا ذریعہ بنیں گے قوم کو ان پیغام سے ترغیب وتحریک ملی ہے یومِ آزادی کا جشن کسی ایک شہر یا قصبے تک محدود نہیں تھا بلکہ کراچی سے خیبر تک اور گوادر سے ژوب تک، ملک کے ہر شہر اور ہر گلی میں یومِ آزادی کی مناسبت سے تزک واحتشام کے ساتھ تقریبات منعقد کی گئیں۔ اہم سرکاری اور نجی عمارتوں پر چراغاں کیا گیا، جس نے رات کی تاریکی میں پاکستان کے رنگوں کو روشن کیا۔ اسلام آباد میں دفاعی نمائش کا اہتمام کیا گیا، جس میں پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کو اجاگر کیا گیا۔ اخبارات نے یومِ آزادی کی مناسبت سے خصوصی ضمیمے شائع کئے اور ٹیلی ویژن چینلز پر خصوصی پروگرام ٹیلی کاسٹ کئے گئے۔ یہ تمام سرگرمیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستان اپنے یومِ آزادی کو ایک قومی تہوار کے طور پر مناتا ہے یومِ آزادی کا جشن صرف پاکستان کے اندر ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں منایا گیا۔ دنیا بھر میں پاکستانی سفارت خانوں میں بھی جشن آزادی بھرپور انداز میں منایا گیا اور پرچم کشائی کی تقریبات منعقد ہوئیں۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستانی قوم جہاں بھی ہو، اپنے وطن سے محبت کے جذبے سے سرشار رہتی ہے یہاں کوئٹہ میں صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار پر پرچم کشائی کی ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں معرکہ حق میں حاصل ہونے والی فتح کو پوری پاکستانی قوم کے اتحاد کی علامت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی ملک پر مشکل وقت آیا، بلوچستان کے لوگ ڈٹ کر کھڑے رہے اور آئندہ بھی ہر وقت وطن عزیز کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ اگرچہ ہم نے معرکہ حق میں ایک تاریخی کامیابی حاصل کی ہے، لیکن ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ ہمیں آج بھی داخلی اور خارجی سطح پر کئی چھوٹے بڑے مسائل کا سامنا ہے۔ معاشی چیلنجز، سماجی ناہمواری، اور سیاسی استحکام کی کمی جیسے مسائل ہماری ترقی کی راہ میں رکاوٹیں ہیں۔ ان چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ہمیں اسی اتحاد، اتفاق اور یکجہتی کی ضرورت ہے جس کا مظاہرہ ہم نے چودہ اگست کو یومِ آزادی کے موقع پر کیا قومی قیادت ان چیلنجز سے نمٹنے کے لئے کوشاں ہے۔ ہمیں اپنی قیادت کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ان کی کوششوں کا ساتھ دینا ہوگا۔ دفاع وطن سے لے کر ترقی اور استحکام وطن تک، ہر پاکستانی کو اپنی ذمہ داریاں نبھانی ہوں گی۔ ہمیں بطور ایک قوم یہ سمجھنا ہوگا کہ ہماری کامیابی اور ترقی کا راز صرف اور صرف ہمارے اتحاد اور مسلسل محنت میں پوشیدہ ہے اس سال کے جشن آزادی نے ہمیں یہ سکھایا ہے کہ ہماری سب سے بڑی طاقت ہماری قومی یکجہتی ہے۔ ہمیں اس طاقت کو برقرار رکھنا ہے اور اپنے وطن کو عظیم سے عظیم تر بنانے کے لئے شب و روز محنت کرنی ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جو ہمیں اقوام عالم میں ہمارا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرنے کی طرف لے جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 AUG 2025

Page No. 19

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا نوجوانوں کی ترقی کا عزم، حوصلہ افزاء اقدام!

بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ معاشی ہے، نوجوان طبقہ بیروزگاری اور معاشی مسائل سے بہت زیادہ پریشان ہے جس کے سدباب کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے اس وقت مختلف منصوبوں پر کام کیا جارہا ہے تاکہ بلوچستان میں روزگار اور کاروبار کے وسیع مواقع پیدا ہوں خاص کر نوجوان اس سے مستفید ہوکر اپنا مستقبل روشن بنائیں مگر اس کیلئے ایک لانگ ٹرم پالیسی کی ضرورت ہے، جس کیلئے حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت دونوں کی شراکت داری سے معاشی چیلنجز سے نمٹا جاسکتا ہے ۔بلوچستان کی آبادی دیگر صوبوں سے کم ہے جبکہ وسائل بھی بلوچستان کے پاس بہت زیادہ زیادہ ہیں، معدنی وسائل کے علاوہ دیگر معاشی ذرائع بھی موجود ہیں۔ بلوچستان کا جغرافیہ سمندر اور سرحدوں سے تجارت کے لئے بہت ہی موزوں ہے اس کیلئے مؤثر منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ بلوچستان اپنے وسائل اور پڑوسی ممالک کے ساتھ سرحدوں سے بہت زیادہ تجارتی فائدہ اٹھا سکتا ہے جس کیلئے وفاقی سطح پر اقدامات کی ضرورت ہے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے نوجوانوں کے لئے معاشی منصوبے تشکیل دیئے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ملک کی ساٹھ فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جو پاکستان کا روشن مستقبل ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے بلوچستان میں پہلی یوتھ پالیسی تشکیل دی ہے اور اسے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام میں شامل کر دیا ہے تاکہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں آگے بڑھنے کے بہتر مواقع فراہم کیے جاسکیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ دور میں نوجوانوں کو مختلف چیلنجز کا سامنا ہے یہ زمانہ درست اور غلط، سچ اور جھوٹ، معلومات اور گمراہ کن بیانیے کی پہچان کا دور ہے ایسے حالات میں نوجوانوں پر تحقیق کرنے اور سچائی کو سامنے لانے کی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان معاشرتی امور خصوصاً سوشل میڈیا سے متعلق معاملات میں تحقیق کرکے سچ کی ترویج کریں اور فروغ دیں کیونکہ یہ ہمارا دینی، اخلاقی، قبائلی اور معاشرتی فریضہ ہے ۔انہوں نے کہا کہ میں نے روزِ اول سے اپنے نوجوانوں سے وعدہ کیا تھا کہ کوئی نوکری فروخت نہیں ہونے دوں گا اور آج بھی اس وعدے پر قائم ہوں محکمہ تعلیم میں میرٹ فارمولہ تشکیل دے کر شفاف بھرتیاں کی گئیں ہیں ،اسی طرح بلوچستان میں پہلی بار یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کی افادیت بہت وسیع ہے تاہم کچھ لوگ اس پر بلاوجہ خفگی کا اظہار کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جو لوگ خود بیرونِ ملک رہنا نہیں چاہتے وہ منفی پروپیگنڈا کر رہے ہیں، ہر ذی شعور کو اس پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہوئے پروگرام کے مثبت پہلوؤں کو اجاگر کرنا ہوگا۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اس پروگرام کا حصہ بن کر اپنے اور اپنے خاندان کی خوشحالی کے ساتھ ساتھ ملک میں زرِمبادلہ کے حصول کے لیے کردار ادا کریں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ حکومت طلبہ کو انٹرن شپ اور نوجوانوں کو آسان اقساط پر قرضے فراہم کر رہی ہے، بلاسود قرضہ پروگرام میں جنوبی سرحدی علاقوں کے نوجوانوں کو ترجیح دی جا رہی ہے تاکہ انہیں غیر قانونی اسمگلنگ سے نکال کر باعزت روزگار کی طرف مائل کیا جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کا مستقبل اسمگلنگ کے لیے استعمال ہونے والی گاڑی ''زمباد'' نہیں بلکہ قانونی تجارت کے ذریعے ترقی اور معاشی استحکام ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان مختلف شعبوں میں بزنس پلان لے کر آئیں۔ حکومت اخوت اور بی آر ایس پی کے ساتھ مل کر انہیں تجارتی وسائل فراہم کرے گی ہم نوجوانوں کو فیصلہ سازی اور معاشی طور پر مستحکم بنا کر اپنے پاوں پر کھڑا کریں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مایوسی کفر ہے اس لیے نوجوانوں کو کبھی مایوس نہیں ہونا چاہیے بیڈ گورننس کی وجہ سے نوجوانوں اور ریاست کے درمیان جو خلیج پیدا ہوئی ہے اسے بات چیت اور ڈائیلاگ کے ذریعے ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچ نوجوانوں کو سوچنا اور تحقیق کرنی ہوگی کہ انہیں ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جارہا ہے پاکستان ایک منظم اور باوقار فوج کا حامل ملک ہے اور ایسی فوج کے ہوتے ہوئے پاکستان کبھی نہیں ٹوٹ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اس جنگ کا نتیجہ صرف خونریزی، بھائی کو بھائی سے لڑانے، تعلیمی ادارے اور اسپتال بند کرنے کے سوا کچھ نہیں، بلوچستان پسماندہ ضرور ہے مگر اس پسماندگی کے خاتمے کے دیگر طریقے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پسماندگی صرف بلوچستان یا پاکستان کا مسئلہ نہیں بلکہ دنیا کے مختلف حصوں میں غیر متوازن ترقی کے مسائل موجود ہیں بہتر گورننس، میرٹ کے فروغ اور شفافیت کے ذریعے مسائل حل کیے جاسکتے ہیں اور صوبائی حکومت اس سمت میں عملی اقدامات کر رہی ہے۔ پی ایس ڈی پی کو نوجوانوں کی ضروریات سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کا سب سے بڑا مسئلہ نوکریوں کی تخلیق سے متعلق ہے تاہم یہ واضح ہے کہ حکومت سرکاری شعبوں میں نوکریاں تخلیق کرنے کی مشینری نہیں بلکہ روزگار کے حصول کے مواقعوں اور درست سمت میں رہنمائی فراہم کرنے کی ذمہ دار ہے تاکہ نوجوانوں کو باعزت روزگار حاصل ہوسکے۔ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ اپنے صوبے، والدین، عزیز واقارب اور حکومت کا قیمتی سرمایہ ہیں آپ نے خود کو ان چیلنجز کے لیے تیار کرنا ہے جو جدید دور میں آپ کے سامنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستِ پاکستان سے محبت ایمان کا جز ہے نوجوان آگے بڑھیں اور حکومتی اقدامات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے معاشی استحکام اور ملک کی ترقی کے لیے سرگرم کردار ادا کریں۔ بہرحال وزیراعلیٰ بلوچستان کا پیغام حوصلہ افزاء ہے نوجوانوں کو درپیش چیلنجز اور مسائل سے نکالنے کیلئے حالیہ جہد وجہد یقیناً مثبت نتائج برآمد کرے گا ،نوجوان کسی بھی خطے کی ترقی وخوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان پر زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کرنی چاہئے ،انسانی وسائل پر زیادہ توجہ دینی چاہئے تاکہ مستقبل کے چیلنجز اور بحرانات سے نہ صرف نمٹا جاسکے بلکہ خطے کو ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن کیا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 AUG 2025 Page No. 20

## دہشت گرد بلوچ نہیں، ان کا انجام کیفر کردار ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گرد بلوچ نہیں، ان کا انجام کیفر کردار ہوگا پاکستانی قوم ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح دشمن کے ہر برے ارادے کے سامنے کھڑی ہے بلوچستان کے لوگوں اور پاک فوج کے ہر سپاہی کی قربانی سے ہمیں آزادی کی سانسیں نصیب ہوئی ہیں بلوچستان میں دہشت گرد بلوچ نہیں بلکہ مٹھی بھر عناصر ہیں، معصوم شہریوں کے قتل پر ہرگز معافی نہیں دہشت گردی کی راہ پر جانے والے نوجوانوں کو واپس ریاست کے دائرے میں لانے کے لیے تیار ہیں بلوچستان میں تعلیم، روزگار اور نوجوانوں کے مسائل حل کرنے کا وعدہ، صوبے میں امن کی بحالی پر زور دیا بلوچستان کی ہر قربانی دہشت گردی کے ہر سازش کے سامنے دیوار کی طرح کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم پاکستان کی مرکزی تقریب ایوب اسٹیڈیم میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کی قدر اس وقت مزید بڑھ جاتی ہے جب ہم اس دشمن کا سامنا کرتے ہیں جو نہ صرف متکبر ہے بلکہ تعداد میں بھی ہم سے زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور پاکستانی سکیورٹی فورسز نے دشمن کے ہر حملے کے مقابلے میں غیر معمولی بہادری اور قربانی دی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی عوام دشمن کے ہر برے ارادے کے سامنے ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہے اور ملک کی حفاظت کے لیے مکمل یکجہتی دکھا رہی ہے۔ انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں کی قربانیوں، فوج، پولیس اور لیویز فورس کے اہلکاروں کی خدمات کا بھی خراج تحسین پیش کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے دہشت گردوں کو واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ بلوچ کہلانے کا حق صرف امن، بہادری اور مہمان نوازی کرنے والوں کو حاصل ہے، معصوم شہریوں، اساتذہ اور ڈاکٹروں کے قتل کرنے والے کسی بھی صورت میں بلوچ نہیں ہو سکتے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کی تعداد بہت کم ہے اور باقی سب لوگ پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے صوبے کے نوجوانوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ جھوٹے پروپیگنڈے اور بیرونی اثرات سے متاثر نہ ہوں، تعلیم، روزگار اور معاشرتی ترقی میں سرمایہ کاری کریں اور ریاست کے دائرے میں رہیں۔ وزیراعلیٰ نے بلوچستان میں تعلیم اور روزگار کے مسائل حل کرنے، یونیورسٹیوں اور کالجوں میں بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے اور نوجوانوں کے لیے قرضے و سکالرشپ پروگرام شروع کرنے کا وعدہ بھی کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے بلوچستان میں امن کی بحالی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کو ہر قیمت پر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور صوبے کے ہر بچے کی زندگی محفوظ بنائی جائے گی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ متحد رہیں اور ملک دشمن عناصر کی سازشوں میں نہ آئیں۔ آخر میں میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے تمام قوال اور فنکاروں کا بھی شکریہ ادا کیا جو دہشت گردانہ واقعے کے باوجود یوم آزادی کی تقریبات میں حصہ لینے کے لیے کوئٹہ پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ امن و ترقی کی بحالی میں ہر شہری کا تعاون اور قربانی لازمی ہے، اور بلوچستان کا روشن مستقبل انہی قربانیوں اور یکجہتی کے ذریعے ممکن ہوگا۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 15 AUG 2025 Page No. 21

## ہوائی جہازوں کے کرایوں میں ہوشربا اضافہ!

بلوچستان میں سیکیورٹی صورت حال اور زمینی سفر محدود ہونے کی وجہ سے فضائی سفر پر انحصار بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے کرایوں میں ریکارڈ اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔عام شہری ،مریض اورتاجر طبقہ مہنگے فضائی ٹکٹوں سے پریشان ہے۔اس سلسلے میں شہریوں کا موقف ہے کہ کوئٹہ سے اسلام آباد کا ٹکٹ جو عام دنوں میں 18 سے 20 ہزار روپے میں مل جاتا تھا اب وہ 50 ہزار روپے سے کم میں نہیں مل رہا جو کہ بلاشبہ عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔

ہوائی سفر کے کرایوں میں ہوشربا اضافہ کی جو وجوہات سامنے آئی ہیں وہ پروازوں کی کمی ہے ان میں یہاں سے فلائی جناح کی اسلام آباد اور کراچی روزانہ پروازیں ہیں۔پی آئی اے کی ہفتے میں 3 سے 4 پروازیں جبکہ سیرین ایئر ہفتہ وار ایک پرواز چلاتی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کو جہاں دیگر بڑے مسائل کا سامنا ہے وہاں رہی سہی کسر ہوائی سفر کے کرایوں میں ہوشربا اجافہ کر کے ایک اور بڑا مسئلہ کھڑا کر دیا گیا۔بدقسمتی سے ہمارے ہاں یہ ہوتا آرہا ہے کہ ہر جگہ مجبور سے اس کی مجبوری کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے یہی حال ایئر لائنز کا ہے جو عوام کی مجبوری کو کیش کر کے خوب پیسہ بنا رہی ہیں لیکن ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے کہ وہ کس بات کے زیادہ پیسے لے رہے ہیں اور مجبور عوام کی مجبوری سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔اس ضمن میں متعلقہ اداروں کی جانب سے اس اہم مسئلے کا نوٹس نہ لینا بلوچستان کے عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہوائی سفر کے کرایوں میں ہوشربا اور من مانا اضافہ کو روکنے کے لیے احسن اقدامات کرنے چاہئیں تا کہ عوام کا یہ اہم مسئلہ حل ہو۔اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو کرایہ زیادہ لینے والوں کیخلاف سخت کاروائی کرنی چاہیئے۔جنہوں نے بلاجواز کرایے بڑھادیئے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ کوئٹہ سے پروازوں میں فوری طور پر اضافہ کرنا چاہیئے کیونکہ اس وقت ایسا ہونا بہت ضروری ہے۔

امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اس اہم مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو اس بات کا پابند بنائیں گے کہ وہ عوام کی مجبوری سے فائدہ اٹھا کر ان کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا سلسلہ بند کریں۔اگر ایسا نہیں کیا جاتا تو ان کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے سخت کاروائی کرنی چاہیئے جو کہ اس وقت انتہائی ناگزیر ہے۔

☆☆☆☆☆

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 15 AUG 2025 Page No. 22

# Gwadar's water thrust

Gwadar, the crown jewel of the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC), stands as a monument to unrealized potential. Heralded as the next economic hub of Asia, a strategic port city poised to transform the fortunes of Pakistan and the wider region, it remains a city fighting for a most basic human right: clean drinking water. This persistent, scarcity is not merely a logistical problem; it is a profound and unsettling symbol of governmental apathy and a glaring failure to prioritize the welfare of its own citizens. Billions of dollars have been invested in grand infrastructure projects a new international airport, expansive expressways, and a modern port. Yet, amidst this impressive display of development, the residents of Gwadar receive water, often of dubious quality, only once every ten to fifteen days. While the government and its Chinese partners have built desalination plants, many of these facilities are non-operational or hampered by a lack of consistent power supply. The water crisis in Gwadar is deeply intertwined with decades of neglect and mismanagement. Promises have been made, committees formed, and official visits conducted, but the on-the-ground reality for the local population remains unchanged. The issue extends beyond simple drought; it is a failure of governance, planning, and execution. The lack of accountability, allegations of corruption in water supply projects, and the persistent power failures that cripple water distribution systems all point to a systemic breakdown. A truly developed city is not defined solely by its megaprojects and economic corridors, but by its ability to provide a dignified life for its people. The continuous struggle for water undermines the very purpose of Gwadar's development. It creates a climate of distrust and resentment among the local populace, who feel like passive observers in their own city's transformation. This disconnect between the grand vision of CPEC and the harsh realities of daily life for Gwadar's residents is a source of instability and a major roadblock to sustainable progress. It is high time for a paradigm shift. The government must move beyond symbolic gestures and implement a transparent, comprehensive, and sustainable strategy. This involves not only ensuring the functionality of desalination plants and linking them to a stable power grid but also holding those responsible for mismanagement and corruption accountable. The development of Gwadar must be people-centric, with the basic needs of its citizens water, electricity, education, and healthcare at the forefront of all planning. Without this fundamental shift in priorities, Gwadar will remain a beautiful but parched port city a hub of corridors and commerce that has forgotten its own people.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 15 AUG 2025 Page No. 23

Bullet No. 6

# 78واں یوم آزادی اور معرکہ حق میں تاریخی فتح

## ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈ کوارٹر تربت میں شاندار تقریبات کا انعقاد



رپورٹ: نسیم الحق زاہدی

ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) تربت میں 78واں یوم آزادی اور معرکہ حق کی تاریخی فتح کو بھرپور ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ مرکزی تقریب ایف سی ہیڈکوارٹر تربت میں منعقد ہوئی، جس میں مہمان خصوصی آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان تھے۔ تقریب میں معززین علاقہ، سول انتظامیہ، عسکری حکام، صحافی برادری اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز پرچم کشائی اور یادگار شہداء پر پھول چڑھانے سے ہوا۔ ایف سی کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی، جس نے شرکاء کے دلوں میں وطن سے محبت کے جذبات کو اور بڑھا دیا۔ اس موقع پر بچوں اور طلبہ نے ولولہ انگیز تقاریر، ملی نغمے، ثقافتی ٹیبلو اور آرٹ نمائش کے ذریعے یوم آزادی اور معرکہ حق کی تاریخی فتح کو خراج تحسین پیش کیا۔ ان سرگرمیوں نے نہ صرف طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کیا بلکہ نوجوانوں میں وطن سے محبت اور قومی شعور کی تربیت بھی کی۔ جنوبی بلوچستان کے دیگر علاقوں جن میں تربت، دشت، خاران، ماشکیل، پنجگور، بلیدہ، مند، تمپ، ہوشاب، دالبندین اور تفتان و دیگر، میں 11 سے 14 اگست تک مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ان تقریبات میں آزادی اور معرکہ حق کی مناسبت ریلیاں، مختلف کھیلوں اور گھڑ سواری کے مقابلے، ٹیبلوز، ملی نغمے، تقریری مقابلے، کھیلوں کے سامان، سٹیشنری اور مٹھائیوں کی تقسیم، پرچم کشائی اور شہداء کے لیے فاتحہ خوانی کی سرگرمیاں شامل تھیں۔ عوام کی پرجوش شرکت نے ان تقریبات کی رونق میں چار چاند لگا دیے یہ مناظر واضح کرتے ہیں کہ بلوچستان کے لوگ اپنے وطن اور افواج پاکستان کے ساتھ مکمل یکجہتی رکھتے ہیں۔ اس موقع پر جنوبی بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کے لیے اسکولوں کی خصوصی تزئین و آرائش کی گئی اور دیگر فلاحی و ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح بھی کیا گیا، جنہیں یوم آزادی اور معرکہ حق کی مناسبت سے منسوب کیا گیا۔ ان منصوبوں میں طلبہ کی تعلیمی سہولیات کو بہتر بنانے کے اقدامات، کھیلوں کی سہولیات، اور اسکولوں کے انفراسٹرکچر میں بہتری شامل تھی۔ یہ اقدامات نہ صرف تعلیمی معیار میں اضافہ کریں گے بلکہ نوجوان نسل میں حب الوطنی اور قومی شعور کو بھی مضبوط کریں گے۔ یہ عظیم جشن آزادی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ جنوبی بلوچستان کے عوام اپنے آباؤ اجداد کی طرح ملی یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہے اور دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنانے کے لیے ریاست اور ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ اس تقریب نے نہ صرف تاریخی فتح کی یاد تازہ کی بلکہ عوام اور افواج کے درمیان اعتماد اور تعاون کو بھی مزید مستحکم کیا۔





# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

llet No. Dated: 15 AUG 2025 Page No.




کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر نکالی گئی ریلی کی قیادت کررہے ہیں




کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی کی جانب سے نکالی گئی جشن آزادی ریلی قاسم خان، عبدالحنان بڑیچ ودیگر کی قیادت میں بلوچستان اسمبلی کے سامنے سے گزر رہی ہے



بخت محمد کاکڑ 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر نکالی گئی ریلی کے اختتام پر میڈیا کے نمائندہ سے بات چیت کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 15 AUG 2025 Page No.



چیف جسٹس بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ 78 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ: چیف جسٹس روزی خان بڑیچ بلوچستان ہائیکورٹ کے سبزہ زار پر پرچم کشائی کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA




کوئٹہ، مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام بلوچستان اسمبلی کے سامنے جشن آزادی ریلی کے شرکاء سے صوبائی صدر ادریس مغل خطاب کررہے ہیں




کوئٹہ، چیمبر اینڈ سمال انڈسٹریز کے چیف پیٹرن جمعہ خان ودیگر یوم جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کررہے ہیں

CamScanner



کوئٹہ : پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے ایک کلومیٹر طویل پرچم کے ہمراہ ریلی نکالی جارہی ہے

MASHRIQ QUETTA



بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان جشن آزادی کی تقریب کے بعد صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، علی مدد جتک اور سابق چیئرمین سینٹ میر صادق سنجرانی کو میونسپل اداروں اور اتھارٹیوں کے ملازمین و مزدوروں کے مسائل سے آگاہ کررہے ہیں، عابد بٹ اور عبدالستار بھی ہمراہ ہیں